رہبر انقلاب اسلامی نے متعدد شہیدوں کے اہل خانہ سے ملاقات کی - 2 /Jan/ 2018

متعدد شہیدوں کے اہل خانہ نے منگل کو رہبرانقلاب سے ملاقات کیـ اس ملاقات میں رہبرانقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے ایران کے اسلامی نظام کو نقصان پہنچانے کے لئے دشمنوں کی کوششوں اور حالیہ ہنگاموں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جس چیز نے دشمنوں کو اپنی عداوتوں کو عملی جامہ پہنانے سے روک رکھا ہے، وہ ایرانی عوام میں پایا جانے والا جذبہ ایثار و جاں نثاری، ایمان اور شجاعت ہےـ

رہبر انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ ایرانی عوام کی عزت و سلامتی اور ترقی و پیشرفت شہدا کے جذبہ ایثار اور قربانیوں کی مرہون منت ہے-

آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے اس حقیقت کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہ دشمن ہمیشہ موقع کی تلاش اور ایرانی عوام پر ضرب لگانے کی کوشش میں رہتا ہے، فرمایا کہ پچھلے چند روز کے دوران رونما ہونے والے واقعات میں ایران کے دشمن، اسلامی نظام کی راہ میں مشکلات کھڑی کرنے کے لئے اپنے تمام تر وسائل منجملہ پیسوں، ہتھیار، سیاست اور سیکورٹی اور خفیہ ایجنسیوں کے ساتھ متحد ہو گئے تھے-

رہبر انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ حالیہ واقعات کے بارے میں مناسب وقت پر عوام سے کچھ باتیں کریں گے-

رہبر انقلاب اسلامی نے دشمنوں کے دشمنانہ اقدامات کی روک تھام میں شجاعت اور ایثار کے جذبے کو اہم قرار دیتے ہوئے شہیدوں کو اس جذبے اور مجاہدت کا کامل نمونہ قرار دیاـ آپ نے فرمایا کہ ایرانی عوام قیامت تک ان عزیز شہیدوں کے احسانمند رہیں گے جنہوں نے اپنے گھر اور گھروالوں کو الوداع کہہ کر ان خبیث دشمنوں کے مقابلے میں، کہ جنہیں مغرب و مشرق اور علاقے کی رجعت پسند حکومتوں کی حمایت حاصل تھی، سینہ سپر ہو گئے-

اس موقع پر قائد انقلاب اسلامی نے مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ کے بعض ملکوں کی افسوسناک صورتحال کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر مسلط کردہ جنگ میں بعثی دشمن کامیاب ہوجاتا تو وہ کسی بھی چیز پر رحم نہ کرتے اور ایران کی صورتحال لیبیا اور شام سے بھی بدتر ہوجاتیـ

قائد انقلاب نے آخر میں شہیدوں کے اہل خانہ کی قدردانی کرتے ہوئے فرمایا کہ شہیدوں کے والدین کی شجاعت اور ایثار بھی ان کے شہید جوانوں سے کم نہیں اور ملک ان کا احسانمند ہےـ